37940 ـ ٹیچر آوازبلند رکھنے کے لیے روزہ نہیں رکھتا

سوال

تدریسی عمل آواز بلندہونے کا متقاضی ہے ، اورمیں روزے کی حالت میں کچھ پی نہیں سکتا جس کی وجہ سے مجھے بہت مشکل کا سامنا کرنا پڑتا ہے میرے لیے پانی پیان ضروری ہے (مجھے کھانے کی کوئي ضرورت نہیں کیونکہ میں صرف اپنی آواز کی حفاظت کرنا چاہتا ہوں جس کی بنا پر میں دوران تدریس روزے نہیں رکھتا اوران ایام کی قضاء چھٹیوں میں رکھتا ہوں) میری آپ سے گزارش ہے کہ آپ مجھے بتائیں کہ کیا ایسا کرنا جائز ہے کہ نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

ماہ رمضان کے روزے رکھنا ارکان اسلام میں سے ایک رکن ہے ، اوردین کے سب سے اہم واجبات میں سے ہے ، لھذا کسی بھی مسلمان کے لیے جائز نہیں کہ وہ اس میں سستی کرتے ہوئے رمضان کے روزے نہ رکھے ۔

اورجب دینی اوردنیاوی مصلحتوں میں تعارض پیدا ہوجائے تو آپ دینی مصلحت کو مدنظر رکھیں اوراسے ہی مقدم کریں ۔

اس لیے یا تو آپ روزے اورتدریسی عمل میں موافقت پیدا کرنے کی کوشش کریں (جوکہ انشاء اللہ بہت ہی آسان کام ہے اورمسلمان ہمیشہ سےہی تدریسی فریضہ سرانجام دیتے آئے اورروزے بھی رکھتے آئے ہیں) اگرچہ تدریسی کام بلاتنخواہ ہی کیوں نہ کریں ، تا کہ اس مہینہ کے روزے رکھ سکیں ۔

آپ مزید تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر (12592) کے جواب کا مطالعہ کریں ۔

واللہ اعلم .